14310 ـ جینز کا لباس پہننا

سوال

اگر مسلمان عورت کے لیے جینز کا مناسب طریقہ سے لباس بنایا جائے تو کیا پھر بھی اسے پہننا حرام ہو گا، اور اس میں کفار سے مشابہت ہو گی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مشابہت کا معنی اور مفہوم یہ ہے کہ: کوئی شخص ایسا کام کرے جو ان کفار کے ساتھ مخصوص ہو، اس لیے اگر یہ کپڑا یعنی جینز وغیرہ کا لباس ایسے طریقہ سے سلائی کیا جائے جو کفار کے لباس سے مشابہ ہو تو پھر یہ مشابہت میں داخل ہو گا.

لیکن صرف یہ کہ کفار اس کپڑے کا لباس سلائی کروا کر پہنتے ہیں، اس لیے اگر اس کپڑے کا لباس شرعی طریقہ کے مطابق ہو اور اس کی شکل و ہیئت کفار کے لباس سے مختلف ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، چاہے کفار اس کپڑے سے مشہور ہی کیوں نہ ہوں، جب یہ لباس کفار کے لباس کی ہیئت پر نہیں ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں " اھـ

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ .